بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# آرٹیفشل انگوٹھی پہن کر نماز پڑھنے کا حکم

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حضرت جی !أدام اللہ برکاتك علینا، آمین

اگر کوئی عورت آرٹیفیشل انگوٹھی پہن کر کافی زیادہ نمازیں پڑھ لے کہ اسے تعداد بھی یاد نہ ہو تو اسے کیا کرنا چاہیے؟ ساری نمازیں لوٹانا تو مشکل ہو گا تو کیا توبہ واستغفار کافی ہو جائے گا یا ساری نمازیں لوٹانا پڑیں گی؟

**سائلہ:ام سعید**

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سونے اور چاندی کے علاوہ کسی اور دھات کی انگوٹھی پہننا ممنوع ہے لیکن اگر کسی نے اس قسم کی انگوٹھی پہن کر نماز پڑھ لی تو نماز تو ہو جائے گی، لوٹانے کی ضرورت نہیں تاہم یہ عورت آئندہ احتیاط کرے کہ اس قسم کی انگوٹھی نہ پہنے۔

**واللہ اعلم بالصواب**

محمد الیاس گھمن

**18-اپریل 2021ء**